وسیع پیمانہ پر معلومات بہم پہونچاتی ہے۔ اس کتاب کا عمود "چین کے حکیم اعظم کنفیوشس کی کتاب "شو کنگ" کے ترجمہ کو قرار دیا گیا ہے، لیکن اس کے ساتھ تین ضمیمے جو مترجم نے اپنی طرف سے بڑھائے ہیں، وہ شوکنگ کے ترجمہ سے ضخامت میں دوگنے ہیں، اور دراصل عام ناظرین کی واقفیت کے لیے اس سے بہت زیادہ مفید ہیں۔ پہلا ضمیمہ کنفیوشس کی سیرت، اس کی تعلیمات، اور اس کے فلسفے پر ہے۔ دوسرے میں چین کے جغرافیہ، تاریخ، زبان و ادب، مذاہب اور سیاسی و معاشی حالات پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرا ضمیمہ شاہان چین کی تاریخ وار فہرست پر مشتمل ہے۔

کنفیوشس کی کتاب سے ایک خاص بات معلوم ہوئی۔ وہ یہ کہ چینی روایات میں بھی طوفان نوح کا ذکر موجود ہے۔ اور دراصل چین کی مسلسل تاریخ ہی طوفان کے بعد سے شروع ہوتی ہے۔

مضامین رشید | از پروفیسر رشید احمد صدیقی۔ ضخامت ۳۲۲ صفحات قیمت عہ۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔

رشید احمد صاحب ایک ظرافت نگار ادیب کی حیثیت سے ہندوستان میں اس قدر مشہور ہیں کہ ان کے تعارف کی کوشش کرنا ان کی شہرت پر حرف لانا ہے اور اس مجموعہ کی تعریف بس اس قدر کافی ہے کہ یہ انکے چند ظریفانہ مضامین کا مجموعہ ہے۔

واردات | از منشی پریم چند انجہانی ضخامت ۲۰۰ صفحات مجلد قیمت ۸۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔

ہندوستان جدید کے مشہور فسانہ نگار پریم چند کی ۱۳ کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ زبان کی لطافت و سادگی اور پھر زندگی کے واردات کو فطری انداز بیان میں پیش کرنے کے اعتبار سے پریم چند موجودہ زمانہ کے ہندوستانی افسانہ نگاروں میں سب سے بازی لے گئے تھے۔ اب ان کی وفات کے بعد ان کے یہ ادبی کارنامے پہلے سے زیادہ بیش قیمت ہو گئے ہیں۔

جدید دستور کا خاکہ | از زین العابدین احمد صاحب۔ قیمت ۲ر مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے سیاسی و معاشی مسائل پر جو پروپیگنڈا لٹریچر شائع کیا ہے، یہ رسالہ اس کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں کانگریسی نقطہ نظر سے ہندوستان کے جدید دستور پر تنقید کی گئی ہے۔